بدھ 6- دسمبر 2000ء

روزنامہ
CPL 61
# الفضل
PH: 0092 4524 213029
ایڈیٹر: عبدالسّمیع خان

بدھ 6- دسمبر 2000ء - 9 رمضان 1421 ہجری- 6- فتح 1379 ھش جلد 50-85 نمبر279

## جھوٹ رزق کو کم کرتا ہے

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا-

والدین سے نیک سلوک عمر کو بڑھاتا ہے- جھوٹ رزق کو کم کرتا ہے اور دعا قضاء وقدر کو بدل دیتی ہے-

# پاکستان میں قادیانی ریاست کے قیام کے منصوبہ کی خبریں جماعت احمدیہ کے خلاف بے بنیاد اور شرانگیز پروپیگنڈہ ہے

## 10 قیمتی جانوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کے بعد اب مخالفین جماعت احمدیہ کو صحافتی دہشت گردی کا نشانہ بنانے کے منصوبہ پر کام کر رہے ہیں-

(ترجمان جماعت احمدیہ)

ربوہ (پریس ریلیز) پاکستان میں قادیانی ریاست کے قیام کے منصوبہ کے حوالے سے شائع ہونے والی خبریں جماعت احمدیہ کے خلاف بے بنیاد اور شرانگیز پروپیگنڈہ ہے یہ بات ترجمان جماعت احمدیہ محترم ملک خالد مسعود صاحب نے اخبارات میں شائع ہونے والی ان خبروں کی تردید میں کہی جس میں یہ بے بنیاد اور من گھڑت پروپیگنڈہ کیا گیا ہے کہ جماعت احمدیہ ملک کے اندر کسی الگ ریاست بنانے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے-

ترجمان جماعت احمدیہ کے مطابق 10 قیمتی جانوں کے ضیاع کے بعد اب مخالفین جماعت احمدیہ کو صحافتی دہشت گردی کا نشانہ بنانے کے منصوبہ پر کام کر رہے ہیں اور بغیر تحقیق کے جماعت احمدیہ کے خلاف خبر شائع کرنا ایک فیشن بن چکا ہے-

ترجمان جماعت احمدیہ نے کہا کہ یہ جو بے سروپا اور من گھڑت خبر کسی نیوز ایجنسی کے حوالے سے شائع ہو رہی ہے نہ تو اس کا کوئی ثبوت پیش کیا گیا اور نہ ہی اس میں کسی قسم کی کوئی صداقت ہے صحافتی دیانتداری کا تقاضا تو یہ تھا کہ اس کی تحقیق کی جاتی اس کا کوئی ثبوت پیش کیا جاتا- ایک بے بنیاد اور خود ساختہ خبر کسی نیوز ایجنسی نے پھیلا دی اور اخبارات نے بغیر تحقیق کے اس کو شہ سرخیوں کی زینت بنا دیا اور افسوس کی بات تو یہ ہے کہ نوائے وقت جیسے موقر اخبار نے بغیر تحقیق اور کسی ثبوت کے اس پر اداریہ بھی لکھ مارا- جس میں جماعت کے خلاف ایک بے بنیاد مفروضہ کی بناء پر سخت الفاظ کا استعمال کیا گیا اور اس خبر کے سچے ہونے کا کوئی ثبوت پیش کرنے کی بجائے اس کو کسی نیوز ایجنسی کی طرف منسوب کر دیا گیا- ترجمان جماعت احمدیہ نے کہا کہ صحافتی دیانتداری کے کیا یہی تقاضے ہیں کہ کسی جماعت کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ کیا جائے- اور اس کے خلاف جھوٹی خبروں کو پھیلایا جائے-

ترجمان جماعت احمدیہ محترم ملک خالد مسعود صاحب نے کہا کہ جماعت احمدیہ نے تحریک پاکستان میں قائداعظم کے شانہ بشانہ کام کیا ہے- اور ہمیشہ پاکستان کی تعمیرو ترقی میں احمدیوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے- پاکستان ہمارا پیارا وطن ہے احمدی اس کی ترقی اور حفاظت کے لئے آئندہ بھی کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے- اس ملک کی طرف چلایا جانے والا ہر تیر احمدی اپنے سینوں پر لیں گے-

ترجمان جماعت احمدیہ کے مطابق اس طرح کی خبریں وہ جماعتیں پھیلا رہی ہیں جو قیام پاکستان کی مخالف تھیں اور اب استحکام پاکستان کی راہ میں رکاوٹ ہیں اور اخبارات کو چاہئے کہ تحقیق کے بعد خبریں شائع کیا کریں-

## صبرو تحمل کی مثالی شان

تحریر حضرت ملک غلام حسین صاحب رہتاسی:-

"ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک مولوی ہندوستان سے آیا- نماز ظہر ہو چکی تھی- ماہ جون تھا- حضور نماز پڑھ کر تشریف فرما ہوئے اور بہت سے خدام بیٹھے تھے کہ وہ مولوی آیا- حضور نے فرمایا آیئے تشریف لایئے- وہ بیٹھنے نہ پایا تھا کہ اس نے گالیاں نکالنا شروع کر دیں اور کہنے لگا کہ تم نے دین محمدی کو بگاڑ دیا ہے- حضور نے مسکرا کر فرمایا مولوی صاحب تشریف رکھیں- آپ کے سب سوالات کا جواب دیا جائے گا- مجھے فرمایا کہ اندر سے مولوی صاحب کے لئے دودھ میں برف اور کیوڑہ ڈال کر لے آؤ- مولوی صاحب گرمی میں سے آئے- میں نے دودھ لا کر مولوی صاحب کو دیا مگر اس نے پینے سے انکار کر دیا اور نہ پیا- اور برابر گالیاں...... دیتا رہا- ایک نو احمدی جو عیسائی سے احمدی ہوا تھا- وہاں موجود تھا- اس سے صبر نہ ہو سکا- اور ایک تھپڑ لگا دیا- وہ مولوی فوراً اٹھ کر چلا گیا-

**حضرت اقدس اس نو (احمدی) پر سخت ناراض ہوئے اور فرمایا کہ تم نے اس مولوی کو کیوں مارا؟ وہ گالیاں تو ہمیں دے رہا تھا- اندر مولوی عبدالکریم صاحب بھی سن رہے تھے- مگر حضور کی وجہ سے بول نہیں سکتے تھے-**

حضور نے اس نواحمدی سے کہا کہ اس کو ابھی جا کر واپس لاؤ- وہ شخص واپس لانے کے لئے گیا- بعد میں خود حضور تشریف لے گئے اور اس مولوی سے فرمایا کہ آپ واپس چلیں- مگر وہ نہ مانا اور چلا گیا-

(الحکم 7- مئی 35ء)

# عرفانِ حدیث نمبر 57

مرتبہ: عبدالسمیع خان

## رضاء الٰہی کیلئے روزہ کا اجر

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

**جو بندہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں اس کی رضا چاہتے ہوئے روزہ رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اور آگ کے درمیان ستر خریف کا فاصلہ کر دیتا ہے۔**

(مسند دارمیؒ کتاب الجہاد باب من صام یوما)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں۔

"روزہ آگ دور کرتا ہے" ایک یہ حدیث ہے جو سنن الدارمی کتاب الجہاد سے لی گئی ہے۔ حضرت ابوسعید الخدریؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جو بندہ اللہ تعالیٰ کے رستے میں اس کا فضل چاہتے ہوئے روزے رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے چہرے اور آگ کے مابین ستر خریف کا فاصلہ کر دیتا ہے۔ فضل چاہتے ہوئے روزے رکھتا ہے ابتغاء وجہ اللہ کا یہ ترجمہ ہے فضل چاہتے ہوئے۔ وجہ اللہ کا اصل معنی تو ہے خدا کا چہرہ 'خدا کی توجہ' جو اپنی طرف خدا کی توجہ کرنے کی خاطر کہ اللہ تعالیٰ اس کی طرف پھر جائے 'تمام تر توجہ اس کی طرف مبذول ہو جائے جو اس نیت کے ساتھ روزے رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ (-) اس کے اور آگ کے درمیان ستر خریف کا فاصلہ کر دیتا ہے۔

اب اللہ کا چہرہ ایک ایسی چیز ہے جسے یاد رکھنا چاہئے تھا۔ ترجمے میں فضل ترجمہ ہوا ہے حالانکہ چہرے کے مقابل پر چہرہ رکھا گیا ہے۔ فرمایا تم اللہ کا چہرہ چاہو گے تو اللہ کے چہرے والے کو پھر آگ چھو نہیں سکتی 'اس کے چہرے کو آگ چھو نہیں سکتی۔ یہ ناممکن ہے۔ جسے اللہ کا چہرہ نصیب ہو جائے اس کے چہرے کو آگ کیسے چھو سکتی ہے۔ یہ مضمون تھا جس کو ترجمے میں ذرا دھیما کر دیا گیا۔ فضل اس کا ترجمہ جائز ہے مگر یہاں جس خوبصورتی کے ساتھ حدیث نے ایک وجہ کو دوسرے وجہ کے ساتھ ملایا ہے اسے اسی طرح رہنے دینا چاہئے تھا۔ وجہ کو وجہ ہی رہنے دینا چاہئے تھا۔ اب ستر خریف کا فاصلہ یہ کیا چیز ہے؟ خریف گرما اور سرما کے درمیان کے زمانے کو کہتے ہیں یعنی سردیوں اور گرمیوں کے درمیان ایک زمانہ آتا ہے جو ان دونوں کو ملنے سے روکتا ہے' بیچ میں حائل ہو تو سردیاں گرمیوں سے نہیں مل سکتیں۔ تو ناممکن ہے کہ دونوں ایک ہی جیسے موسم گزر جائیں یعنی سردیاں بھی اور گرمیاں بھی۔ بیچ میں ایک موسم حائل ہو جاتا ہے۔ لیکن لفظ ستر کو خصوصیت سے پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔

فرمایا ستر خریفوں کا فاصلہ 'اب ستر خریفوں کا فاصلہ ویسے تو تصور میں نہیں آسکتا کہ ایک خریف نہیں' دو نہیں' تین نہیں' ستر خریف ہیں۔ لیکن معاملہ اس سے زیادہ آگے ہے۔ کیونکہ ستر کا لفظ عربی میں زمانے کے بیشمار ہونے کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے۔ ستر کا لفظ قرآن کریم سے اور احادیث سے ثابت ہے یہ محض عدد ستر پر اطلاق نہیں پاتا بلکہ ایک لامتناہی زمانے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ پس لفظ ستر کو خصوصیت کے ساتھ ان معنوں میں آپ پیش نظر رکھیں کہ مراد یہ ہے کہ ناممکن ہے۔ کوئی صورت ایسی نہیں کہ یہ چہرہ آگ دیکھ سکے۔ یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ ہم سب کو اللہ کا یہ چہرہ دکھادے۔

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

پاکستانی وقت کے مطابق

## ہفتہ 9 دسمبر 2000ء

12-40 a.m. لقاء مع العرب
1-35 a.m. جلسہ سالانہ یو۔کے 2000ء کی ایک تقریر۔
2-20 a.m. دستاویزی پروگرام۔
2-40 a.m. خطبہ جمعہ
3-45 a.m. رمضان پروگرام۔
3-55 a.m مجلس عرفان
5-05 a.m. تلاوت۔خبریں۔
5-40 a.m. دستاویزی پروگرام۔
6-15 a.m. خطبہ جمعہ
7-15 a.m. لقاء مع العرب۔
8-15 a.m. مجلس عرفان۔
9-20 a.m. کمپیوٹر سب کے لئے
9-50 a.m. تلاوت
10-00 a.m. رمضان پروگرام۔
10-15 a.m. سیرت النبیؐ پروگرام۔
11-05 a.m. تلاوت۔درس الحدیث۔
12-10 p.m. ایم ٹی اے ماریشس پروگرام۔
1-05 p.m. ہفتہ وار پروگرام۔
1-20 p.m. جلسہ سالانہ قادیان 2000ء
1-55 p.m. اردو کلاس
2-55 p.m. انڈونیشین سروس۔
4-15 p.m. درس القرآن۔
6-05 p.m. تلاوت۔خبریں
6-40 p.m. بنگالی سروس۔
7-40 p.m. چلڈرنز ملاقات۔
8-45 p.m. تلاوت۔درس الحدیث۔
9-05 p.m. سیرت النبیؐ پروگرام۔
9-40 p.m. ہفتہ وار پروگرام۔
9-55 p.m. جرمن سروس۔
11-05 p.m. تلاوت۔
11-10 p.m. اردو کلاس

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## اتوار 10 دسمبر 2000ء

12-30 a.m. لقاء مع العرب۔
1-30 a.m. عربی پروگرام۔
2-05 a.m. درس القرآن۔
3-20 a.m. جلسہ سالانہ قادیان 2000ء
3-45 a.m. رمضان پروگرام۔
4-00 a.m. چلڈرنز ملاقات۔
5-05 a.m. تلاوت۔خبریں۔
5-50 a.m. کوئز: خطبات امام۔
6-05 a.m. درس القرآن۔
7-20 a.m. کینیڈین پروگرام۔
8-25 a.m. لقاء مع العرب
8-40 a.m. تلاوت۔درس الحدیث۔
9-05 a.m. رمضان پروگرام۔
10-30 a.m. سیرت النبیؐ پروگرام۔
11-05 a.m. تلاوت۔خبریں۔
12-05 p.m. کوئز۔خطبات امام۔
12-20 p.m. چلڈرنز ملاقات
1-20 p.m. چائنیز پروگرام۔
2-00 p.m. اردو کلاس۔
3-05 p.m. انڈونیشین سروس
4-15 p.m. درس القرآن۔
6-00 p.m. تلاوت۔خبریں
6-45 p.m. ینگ لجنہ اور ناصرات سے ملاقات
7-45 p.m. خطبہ جمعہ۔
8-45 p.m. تلاوت۔درس الحدیث۔
9-30 p.m. چلڈرنز کلاس۔
9-55 p.m. جرمن سروس۔
11-05 p.m. تلاوت۔
11-10 p.m. اردو کلاس

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## اہل علم حضرات سے التماس

○ سیدنا حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی نے قیام پاکستان کے بعد ابتدائی ایام میں لاہور۔ کوئٹہ اور کراچی میں استحکام پاکستان کے سلسلہ میں نہایت مفید اور موثر تقاریر فرمائی تھیں۔ ادارہ ہذا ان تقاریر کو یکجائی طور پر پیش کرنا چاہتا ہے۔ اگر کوئی دوست اپنی یادداشت یا ریکارڈ سے ان اخبارات و رسائل کی نشاندہی فرما سکیں یا ایسے اخبارات ادارہ ہذا کو بھجوا سکیں تو اس کام کی تکمیل میں گراں قدر تعاون ہو گا۔ اگر ایسے دوست اپنے اخبارات یا ریکارڈ واپس حاصل کرنا چاہیں تو ان کی نقل حاصل کر کے اصل ریکارڈ واپس بھجوا دیا جائے گا۔

(سیکرٹری فضل عمر فاؤنڈیشن)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

**جس چہرے کو خدا اپنا وہ چہرہ دکھادے جو اس نے محمدؐ رسول اللہ کو دکھایا تھا اس چہرے پر آگ حرام ہو جاتی ہے۔ ناممکن ہے کہ اسے آگ چھوئے۔**

(الفضل 4۔جنوری 99ء)

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 2 روپے 50 پیسے

ملک سعید احمد رشید صاحب

# کلمات حقائق و معارف، علم و معرفت کے موتی

## طواف، علم، عورت، فکر، قرآن کریم، گناہ، مامور، مومن اور مخالفت کے بارے میں حضرت مسیح موعود کے ارشادات

### طواف

مطواف عشق الٰہی کی نشانی ہے اور اسکے معنی یہ ہیں کہ گویا مرضات اللہ ہی کے گرد طواف کرنا چاہئے۔

(ملفوظات جلد نہم ص 124)

### علم

ساری سعادتیں علم صحیح کی تحصیل میں ہیں۔

(ملفوظات جلد سوم ص 297)

علم نور ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 297)

ہر قسم کا علم ضرورت سے پیدا ہوتا ہے۔

(ملفوظات جلد ہشتم ص 396)

علم ایک طاقت ہے اور طاقت سے شجاعت پیدا ہوتی ہے۔

(ملفوظات جلد ہشتم ص 8)

علم دین میں برکت ہے اس سے تقویٰ حاصل ہوتا ہے۔

(ملفوظات جلد ہشتم ص 283)

حقیقی علم خشیۃ اللہ کو پیدا کر دیتا ہے۔

(ملفوظات جلد ہشتم ص 303)

خدا تعالیٰ نے علم کو تقویٰ سے وابستہ کیا ہے۔

(ملفوظات جلد ہشتم ص 303)

### عورت

کوئی عورت نیک نہیں ہو سکتی جب تک پوری پوری خاوند کی فرمانبرداری نہ کرے۔

(ملفوظات جلد نہم ص 44)

عورتوں کو چاہئے کہ اپنے خاوندوں کا مال نہ چراویں۔

(ملفوظات جلد نہم ص 45)

جو عورتیں نامحرم لوگوں سے پردہ نہیں کرتیں شیطان ان کے ساتھ ساتھ ہے۔

(ملفوظات جلد نہم ص 45)

عورتوں پر یہ بھی لازم ہے کہ بدکار اور بدوضع عورتوں کو اپنے گھروں میں نہ آنے دیں اور نہ ان کو اپنے گھروں میں رکھیں کیونکہ یہ سخت گناہ کی بات ہے۔

(ملفوظات جلد نہم ص 45)

عورتوں کے لئے بیوہ ہونے کی حالت میں خاوند کر لینا نہایت ثواب کی بات ہے۔ایسی عورت حقیقت میں بڑی نیک بخت اور ولی ہے۔

(ملفوظات جلد نہم ص 44)

عورتوں میں ایک خراب عادت یہ بھی ہے کہ وہ بات بات میں مردوں کی نافرمانی کرتی ہیں۔اور ان کی اجازت کے بغیر ان کا مال خرچ کر دیتی ہیں۔

(ملفوظات جلد نہم ص 44)

عورتوں پر لازم ہے کہ اپنے مردوں کی تابعدار رہیں ورنہ ان کا کوئی عمل منظور نہیں۔

(ملفوظات جلد نہم ص 44)

بعض عورتیں نماز روزہ کے ادا کرنے میں بہت کوتاہی کرتی ہیں۔

(ملفوظات جلد نہم ص 47)

یہ مرض عورتوں میں بہت بکثرت ہے کہ وہ ذرا سی بات پر بگڑ کر اپنے خاوند کو بہت کچھ بھلا برا کہتی ہیں۔ بلکہ اپنی ساس اور سسر کو بھی سخت الفاظ سے یاد کرتی ہیں حالانکہ وہ اس کے خاوند کے بھی قابل عزت بزرگ ہیں۔

(ملفوظات جلد نہم ص 231)

ہر ایک عورت کو چاہیے کہ ہر وقت اپنے خاوند اور اسکے والدین کی خدمت میں لگی رہے۔

(ملفوظات جلد نہم ص 231)

### فکر

فکر معرفت کو بڑھاتا ہے۔

(ملفوظات جلد نہم ص 321)

فکر کے ساتھ شکر گزاری کا مادہ بڑھتا ہے۔

(ملفوظات جلد نہم ص 321)

ذکر اور فکر ہر دو عبادت میں شامل ہیں۔

(ملفوظات جلد نہم ص 321)

### قرآن کریم

اس وقت قرآن کریم کا حربہ ہاتھ میں لو تو تمہاری فتح ہے۔اس نور کے آگے کوئی ظلمت ٹھہر نہ سکے گی۔

(ملفوظات جلد سوم ص 122)

قرآن کو ترک کرنے سے تنزل آیا۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 257)

قرآن کو چھوڑ کر کامیابی ایک ناممکن اور محال امر ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 157)

قرآن کریم ... میں بہت سا آب حیات ہماری زندگی کے لئے بھرا ہوا ہے۔

(روحانی خزائن جلد سوم ص 381)

اور بہت سے نادر اور بیش قیمت جواہر اپنے اندر مخفی رکھتا ہے۔

(روحانی خزائن جلد سوم ص 381)

یہی ایک عمدہ محک ہے جس کے ذریعہ ہم راستی اور ناراستی میں فرق کر سکتے ہیں۔

(روحانی خزائن جلد سوم ص 381)

یہی ایک روشن چراغ ہے جو عین سچائی کی راہیں دکھاتا ہے۔

(روحانی خزائن جلد سوم ص 381)

وہ دل کی آنکھ کھولتا ہے اور گناہ کے گندے چشمہ کو بند کرتا ہے۔

(روحانی خزائن جلد 23 ص 308)

اور خدا کے لذیذ مکالمہ مخاطبہ سے شرف بخشتا ہے۔

(روحانی خزائن جلد 23 ص 308)

وہ خدا جس کے ملنے میں انسان کی نجات اور دائمی خوشحالی ہے وہ بجز قرآن شریف کی پیروی کے ہرگز نہیں مل سکتا۔

(روحانی خزائن جلد 10 ص 442)

وہ کامل علم کا ذریعہ جس سے خدا نظر آتا ہے وہ میل اتارنے والا پانی جس سے تمام شکوک دور ہو جاتے ہیں وہ آئینہ جس سے اس برتر ہستی کا درشن ہو جاتا ہے۔

(روحانی خزائن جلد 10 ص 442)

یقیناً یہ سمجھو کہ جس طرح یہ ممکن نہیں کہ ہم بغیر آنکھوں کے دیکھ سکیں یا بغیر کانوں کے سن سکیں یا بغیر زبان کے بول سکیں اس طرح یہ بھی ممکن نہیں کہ بغیر قرآن کے اس پیارے محبوب کا منہ دیکھ سکیں۔

(روحانی خزائن جلد 10 ص 129)

حقیقی اور کامل نجات کی راہیں قرآن نے کھولیں ......... سو تم قرآن کو تدبر سے پڑھو اور اس سے بہت ہی پیار کرو۔ایسا پیار کہ تم نے کسی سے نہ کیا ہو۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد نمبر 19 ص 26)

تمام قسم کی بھلائیاں قرآن ہی میں ہیں۔

(کشتی نوح۔روحانی خزائن جلد نمبر 19 ص 27)

تمہاری تمام فلاح اور نجات کا سرچشمہ قرآن ہے۔

(کشتی نوح۔روحانی خزائن جلد نمبر 19 ص 27)

بجز قرآن کے آسمان کے نیچے اور کوئی کتاب نہیں جو بلاواسطہ قرآن تمہیں نجات دے سکے۔

(کشتی نوح۔روحانی خزائن جلد نمبر 19 ص 27)

اگر قرآن نہ آتا تو تمام دنیا ایک گندے مضغہ کی طرح تھی۔ (کشتی نوح۔روحانی خزائن جلد نمبر 19 ص 27)

(کشتی نوح۔روحانی خزائن جلد نمبر 19 ص 27)

قرآن وہ کتاب ہے جس کے مقابل تمام ہدایتیں ہیچ ہیں۔

(کشتی نوح۔روحانی خزائن جلد نمبر 19 ص 27)

میں نے اس کلام کو جس کا نام قرآن ہے نہایت درجہ تک پاک اور روحانی حکمت سے بھرا ہوا پایا۔

(سناتن دھرم ص 6)

قرآن شریف ....... سچے طالبوں کے دلوں کو پاک کر کے آسمانی روشنی سے منور کرتا ہے۔

(روحانی خزائن جلد 1 حاشیہ ص 392)

قرآن شریف جو سچی اور کامل ہدایتوں اور تاثیروں پر مشتمل ہے جس کے ذریعہ سے حقانی علوم اور معارف حاصل ہوتے ہیں۔اور بشری آلودگیوں سے دل پاک ہوتا ہے۔

(روحانی خزائن جلد 1 حاشیہ در حاشیہ 3 ص 557)

ہم نے اس حقیقت کو جو خدا تک پہنچاتی ہے قرآن سے پایا ہم نے اس خدا کی آواز سنی اور اسکے پرزور بازو کے

نشان دیکھے جس نے قرآن کو بھیجا۔
(روحانی خزائن جلد13 ص65)

یہ پاک تعلیم ہزاروں کو عیسیٰ مسیح بنانے کے لئے تیار ہے اور لاکھوں کو بنا چکی ہے۔
(روحانی خزائن جلد12 ص348)

سچے اور غیر متغیر خدا کے دیکھنے کا چراغ تو قرآن ہی کے ہاتھ میں ہے۔
(روحانی خزائن جلد12 ص282)

قرآن عمیق حکمتوں سے پر ہے۔
(روحانی خزائن جلد12 ص282)

## گناہ

گناہ کے معنی ہیں دیدہ و دانستہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنا۔
(ملفوظات جلد پنجم ص317)

نقصان کی اصل جڑ گناہ ہے۔
(ملفوظات جلد پنجم ص70)

گناہ ایک زہر ہے جس سے زندہ رہنا محال ہے۔
(ملفوظات جلد پنجم ص125)

گناہ ایک آگ ہے جو روحانی قوٰی کو جلا کر خاک سیاہ کر دیتی ہے۔
(ملفوظات جلد پنجم ص125)

گناہ کی شناخت حقیقت میں بہت بڑی بات ہے۔
(ملفوظات جلد پنجم ص94)

جو اس کو شناخت نہیں کرتا اس کا علاج نبیوں کے پاس نہیں۔
(ملفوظات جلد پنجم ص95)

نیکی کا پہلا دروازہ اسی سے کھلتا ہے۔
(ملفوظات جلد پنجم ص95)

گناہ ایک مہلک زہر ہے مگر توبہ کے ساتھ مل کر تریاق بن جاتا ہے۔
(ملفوظات جلد پنجم ص234)

وہ چیز جو انسان اور رحمٰن میں دوری ڈالتی ہے وہ فقط گناہ ہے۔
(ملفوظات جلد پنجم ص447)

انسان گناہ کسی اور موقعہ پر کرتا ہے اور پکڑا کسی اور موقعہ پر جاتا ہے۔
(ملفوظات جلد ہشتم ص353)

اللہ تعالیٰ پر بدظنی بہت بڑا گناہ ہے۔
(ملفوظات جلد ہشتم ص380)

گناہ غیر اللہ کی محبت دل میں پیدا ہونے سے پیدا ہوتا ہے۔
(ملفوظات جلد نہم ص16)

یہی شرک کی جڑ ہے۔
(ملفوظات جلد نہم ص16)

اگر گناہ نہ ہوتا تو ترقی بھی نہ ہوتی۔
(ملفوظات جلد نہم ص39)

گناہ نفس کے توڑنے کے واسطے ہے۔
(ملفوظات جلد نہم ص39)

گناہوں سے بچنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ خوف الٰہی دل میں پیدا ہو۔
(ملفوظات جلد نہم ص52)

سب سے بڑا گناہ مامور من اللہ کا انکار ہے۔
(ملفوظات جلد دہم ص106)

رضا اور گناہ اکٹھے نہیں رہ سکتے۔
(ملفوظات جلد دہم ص40)

کوئی شخص گناہ سے پاک نہیں ہو سکتا جب تک خدا تعالیٰ کی معرفت کامل نہ ہو۔
(ملفوظات جلد دہم ص313)

وہ بیمار ہیں جو گناہ میں لذت پاتے ہیں
(ملفوظات جلد دہم ص376)

## مامور

مامور کی دعائیں تطہیر کا بہت بڑا ذریعہ ہوتی ہیں۔
(ملفوظات جلد پنجم ص121)

سب سے بڑا گناہ مامور من اللہ کا انکار ہے۔
(ملفوظات جلد دہم ص106)

خدا تعالیٰ کے مامور کے جو مقابل میں آتا ہے۔ سب دعائیں اور لعنتیں اسی پر الٹ پڑتی ہیں۔
(ملفوظات جلد نہم ص260)

## مومن

سچا مومن وہ ہے جو کسی کی پرواہ نہ کرے۔
(ملفوظات جلد ہشتم ص187)

مومن کی مصیبت اس پر سہل ہو جاتی ہے۔
(ملفوظات جلد ہشتم ص44)

قادر خدا کو مان کر مومن کبھی غمگین نہیں ہوتا۔
(ملفوظات جلد ہشتم ص43)

خدا تعالیٰ کے نزدیک وہی مومن ہے جو دین کو دنیا پر مقدم کرے۔
(ملفوظات جلد ہشتم ص296)

مومن آدمی کبھی ضائع نہیں کیا جاتا۔
(ملفوظات جلد نہم ص409)

مومن وہ ہے جو سب سے اول خدا تعالیٰ کی طرف دوڑے۔
(ملفوظات جلد نہم ص113)

مومن کا مطہر قلب اسرار الٰہی کا خزینہ ہے۔
(ملفوظات جلد پنجم ص446)

مومن پر دو بلائیں جمع نہیں کی جاتیں۔
(ملفوظات جلد پنجم ص68)

مومن پر دو موتیں جمع نہیں ہوتیں۔
(ملفوظات جلد پنجم ص70)

مومن کو خدا تعالیٰ سے بڑھ کر اور کوئی شئے پیاری نہیں ہوتی۔
(ملفوظات جلد ششم ص64)

مومن کی مرادیں اصل میں دین کے لئے ہوا کرتی ہیں۔
(ملفوظات جلد ششم ص65)

حقیقی مومن اور راستباز وہی ہے جس کا نام آسمان پر مومن ہے۔
(ملفوظات جلد ششم ص241)

مومن، مومن کبھی نہیں ہو سکتا جب تک کہ کفر اس سے مایوس نہ ہو جاوے۔
(ملفوظات جلد ہفتم ص27)

مومن دنیا کو گھر نہیں بناتا۔
(ملفوظات جلد ہفتم ص39)

خدا تعالیٰ مومن کی عزت کرتا ہے۔
(ملفوظات جلد ہفتم ص39)

مومن کی ہر ایک چیز بابرکت ہو جاتی ہے۔
(ملفوظات جلد ہفتم ص40)

مومن وہ ہے کہ جس کے دل میں محبت الٰہی نے عشق کے رنگ میں جڑ پکڑ لی ہو۔
(ملفوظات جلد ہفتم ص40)

پکا مومن وہ ہے جو کسی سہارے پر خدا تعالیٰ کی عبادت نہیں کرتا۔
(ملفوظات جلد ہفتم ص132)

## مخالفت

مخالفت ہمیشہ راستبازوں کی ہوتی ہے جھوٹوں کی کوئی مخالفت نہیں کرتا۔
(ملفوظات جلد نہم ص56)

جھوٹا باوجود اس کے کہ اس کی کوئی مخالفت نہیں ہوتی ناکام اور نامراد رہتا ہے۔
(ملفوظات جلد نہم ص56)

صادق کی مخالفت سخت ہوتی ہے تاکہ اس کی کامیابی ایک بڑا نمایاں اشتہار ہو۔
(ملفوظات جلد نہم ص57)

عادۃ اللہ اس طرح پر ہے کہ جس سلسلہ کو خدا تعالیٰ خود قائم کرتا ہے اس کی سب سے زیادہ مخالفت ہوتی ہے آجکل یہی حال ہے ہر ایک نے مخالفت پر کمر باندھی ہوئی ہے۔
(ملفوظات جلد نہم ص334)

# خطوط آراء تجاویز

### محترم محمد اشرف کاہلوں صاحب فیصل آباد

سے لکھتے ہیں الفضل میں کالم خطوط۔ آراء تجاویز۔ ایک مفید اضافہ ہے۔ قارئین کرام کے نقطہ نظر سے آگاہی ہوتی ہے۔ ایک اچھا آغاز ہے۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے۔

### محترم محمد شفیع سلیم صاحب کھاریاں ضلع گجرات

سے لکھتے ہیں 30۔اکتوبر کا الفضل میرے سامنے رکھا ہے۔ سارے صفحات پڑھے ہیں۔ احادیث مبارکہ، ملفوظات حضرت مسیح موعود اور ارشادات خلفائے احمدیت کے ساتھ ساتھ دوسرے صفحہ پر "عالم روحانی کے لعل و جواہر" حضرت مسیح موعود کی صداقت کا واضح ثبوت ہے۔ اسی شمارہ کے تیسرے صفحہ پر محترم بابو عبدالغفار صاحب کانپوری (راہ مولا میں جان دینے والے) کی قابل رشک زندگی کا تذکرہ ایمان افروز ہے۔ (خاکسار نے 1942ء میں فوٹو سپیڈ کمپنی حیدر آباد میں ان کو دیکھا تھا اور فوٹو بنوایا تھا۔ بعد میں پتہ چلا کہ یہ احمدی ہیں) صفحہ 6.5 پر محترم حافظ عبدالحلیم صاحب (اردو کلاس کی باتوں والے) کا مضمون پاکستان کا جنت نظیر شہر بہت پسند آیا۔ مکرم حافظ صاحب موصوف میرے ایک پیارے مرحوم مربی محترم مولوی عبدالکریم صاحب کے صاحبزادے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے آمین۔ غرض الفضل سارا ہی اچھا ہے۔ اللہ تعالیٰ الفضل کے سارے عملہ کو جزا دے آمین۔

### محترم عبدالمجید زاہد صاحب ایم اے کنری ضلع عمر کوٹ

سے لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے روزنامہ الفضل کے مطالعہ کی توفیق ملتی رہتی ہے۔ یوں تو یہ ایک مختصر روزنامہ ہے لیکن ایک مکمل روحانی غذا ہے۔ خاص طور پر پہلے صفحہ پر آنحضرت ﷺ کی کوئی بھی حدیث یا اس کا ترجمہ تحریر ہوتا ہے اور اسی حدیث کی مناسبت سے حضرت مسیح موعود کا اقتباس خاکسار کو بہت پسند ہے۔ اخبار ملتے ہی سب سے پہلے اس صفحے کا مطالعہ کرتا ہوں جسے پڑھتے ہی ایمان تازہ ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد کا خوبصورت کالم "عالم روحانی کے لعل و جواہر" جس میں حضرت مسیح موعود کے رفقاء کے مختصراً حالات زندگی اور رفقاء کی زبانی حضرت مسیح موعود کے ایمان افروز واقعات پڑھ کر انسان کو ایک نئی زندگی ملتی ہے۔

کیا آپ نے چندہ الفضل ادا کر دیا ہے؟

فخر الحق شمس

احمدیہ ایسوسی ایشن آف کمپیوٹر پروفیشنلز کے زیر اہتمام

# احمدیہ IT نمائش اور سافٹ وئر مقابلہ 2000ء

## کے شعبہ جات کا تعارف

اس نمائش کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر منعقد ہونے والی معیاری نمائشوں میں شمار کیا جاسکتا ہے

احمدیہ ایسوسی ایشن آف کمپیوٹر پروفیشنلز (AACP) کے قائم کرنے کی بنیادی غرض کمپیوٹر سے تعلق رکھنے والے احمدی نوجوانوں کو ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا جہاں وہ عظیم الشان کارنامے سرانجام دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ ان کی صحیح اور مناسب خطوط پر رہنمائی اور تعاون کیا جائے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ایک دوسرے سے پختہ رابطہ استوار ہو سکے۔ چنانچہ محترم مرزا غلام قادر احمد صاحب نے اس سلسلہ کو حضور انور کی اجازت سے بہت محنت اور دعاؤں سے شروع کیا اور ایسوسی ایشن کو مضبوط بنیادوں پر کھڑا کیا۔ ان کی راہ مولیٰ میں قربانی کے بعد ایسوسی ایشن کی انتظامیہ کے سامنے پہلا مرحلہ اس کے سٹرکچر کو مضبوط کرنا اور جماعتی روایات کے مطابق چلانا تھا۔ اس کے علاوہ محترم صاحبزادہ صاحب کے بنائے گئے پروگرام اور لائحہ عمل کو مزید آگے بڑھانا بھی سکیم میں شامل کیا گیا۔ انہی امور کی تکمیل کی خاطر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام مورخہ 15 اکتوبر 2000ء کو پہلی آل پاکستان احمدیہ IT نمائش اور سافٹ وئر مقابلہ کا انعقاد کیا گیا۔ جسے بلاشبہ اس شعبہ کے تحت منعقد کی جانے والی معیاری نمائشوں میں شمار کیا جا سکتا ہے۔ اس نمائش کا مختصر احوال اور تعارف درج ذیل ہے۔

## نمائش کے شعبہ جات

نمائش کو درج ذیل چار حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔

1- سافٹ وئرز
2- ہارڈ وئرز
3- IT انسٹیٹیوٹس
4- سافٹ وئر مقابلہ جات

ان شعبہ جات کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

## ① سافٹ وئر

نمائش کے اس شعبہ کے تحت درج ذیل سٹالز لگائے گئے۔

1- احمد سافٹ وئر انفارمیشن ٹیکنالوجی سروس لاہور
2- سافٹ میل۔ ربوہ
3- پراجیکٹ شاہزیب منصور اسلام آباد
4- انٹیلیکٹ سسٹمز پرائیویٹ لمیٹڈ۔ لاہور
5- ویب ایکس۔ لاہور
6- ورچوئل سپائڈرز۔ اسلام آباد چیپٹر
7- کمپیوٹر سکھانے کا اردو پروگرام۔ اطفال الاحمدیہ ربوہ
8- تجنید کے متعلق اردو پروگرام۔ واہ چیپٹر
9- جماعتی نادر و نایاب تصاویر۔ خلافت لائبریری ربوہ

## ② ہارڈ وئر

اس شعبہ میں درج ذیل سٹالز لگائے گئے۔

1- پرائم کمپیوٹرز۔ ربوہ
2- ISSZMA۔ ربوہ
3- انٹیلیکٹ سسٹمز۔ لاہور

## ③ IT انسٹیٹیوٹس

اس نمائش میں درج ذیل ادارہ جات نے اپنے سٹالز لگائے اور شائقین کو معلومات فراہم کیں:۔

1- انفارمیشن ٹیکنالوجی انسٹیٹیوٹ۔ ربوہ
2- سافٹ ویلی۔ لاہور
3- نیشنل کالج آف کمپیوٹر سائنسز۔ ربوہ
4- NETS۔ لاہور
5- کمپیوٹر سے متعلق کتب کا سٹال۔ مظفر اعجاز صاحب۔ لاہور

## ④ سافٹ وئر مقابلہ جات

نمائش کے موقع پر پاکستان کے مختلف شہروں سے آنے والے نوجوان اپنی ذہنی استعدادوں اور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مختلف شعبہ جات میں پروگرام بنا کر سافٹ وئر مقابلہ جات میں شرکت کے لئے تشریف لائے تھے۔ کل 26 شرکاء نے ان مقابلہ جات میں شرکت کی۔ جن میں لاہور سے 17۔ ربوہ۔ اسلام آباد اور واہ چیپٹرز سے تین تین شرکاء آئے تھے۔ ان مقابلہ جات کے تین شعبے بنائے گئے تھے جو درج ذیل ہیں۔

(1) کمپیوٹر سے متعلق شوقین حضرات کے پروگرامز
(2) طلبہ کی کاوشیں
(3) پیشہ ور افراد کے کارنامے وغیرہ

## شاہزیب منصور کا پراجیکٹ

عزیز شاہزیب منصور ولد ونگ کمانڈر (ریٹائرڈ) محترم شاہد منصور صاحب اسلام آباد میں O. لیول کے طالبعلم ہیں۔ اس سال جون میں قازقستان کے شہر الماتا میں طلباء کے لئے ایک انٹرنیشنل کمپیوٹر مقابلہ منعقد ہوا۔ اس مقابلہ میں پاکستان کی نمائندگی کے لئے شاہزیب کو چنا گیا۔ انہوں نے اپنا پراجیکٹ

COMPRESSION AND DECOMPRESSION OF COMPUTER DATA USING HUFMAN CODES

پر تیار کیا۔ اس نمائش میں انہوں نے اپنے اس پراجیکٹ کے بارے میں چارٹس اور کمپیوٹر سلائیڈز کی مدد سے لیکچر دیا۔ انہوں نے حاضرین کو تفصیل سے آگاہ کیا کہ کمپیوٹر کے DATA کو کس طریقہ سے چھوٹا کر کے کمپیوٹر کی ہارڈ ڈسک کی جگہ بچائی جا سکتی ہے۔ یاد رہے کہ انہوں نے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے تمام ملکوں میں سے دوسری پوزیشن حاصل کی اور سلور میڈل کے حقدار قرار دیئے گئے۔ شاہزیب مستقبل میں انفارمیشن ٹیکنالوجی میں تعلیم حاصل کر کے ملک و قوم اور جماعت احمدیہ کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔

## سٹال کیرئر پلاننگ

نمائش گاہ میں نو آموز طلبہ اور ایسے نوجوانوں کے لئے جو کمپیوٹر اور اس سے متعلقہ فیلڈز کو اختیار کرنا چاہتے ہیں۔ مشورے اور تجاویز کے لئے کیرئر پلاننگ کا سٹال بھی بنایا گیا تھا۔ جہاں محترم سید عزیز احمد صاحب چیئرمین ایسوسی ایشن نے طلبہ اور دیگر نوجوانوں کو ان کے سوالات کے جواب دیئے اور مفید مشوروں سے نوازا۔

## سالانہ میگزین

اس نمائش میں ایسوسی ایشن کے سالانہ میگزین کا سٹال بھی نمایاں تھا۔ میگزین کا تعارف کراتے ہوئے محترم مقبول احمد مبشر صاحب جنرل سیکرٹری AACP نے بتایا۔ اس میگزین کو ایسوسی ایشن کی طرف سے محترم صاحبزادہ مرزا غلام قادر احمد صاحب بانی پیٹرن و چیئرمین کے نام منسوب کیا گیا ہے۔ اس میں دنیائے کمپیوٹر کے بارے میں 47 تحقیقی علمی مقالے شامل کئے گئے ہیں۔ آغاز میں حضور انور کے پیغام اور تصاویر سے میگزین کو سجایا گیا ہے۔ اعلیٰ طباعت اور ٹھوس مواد کی وجہ سے کمپیوٹر سے متعلقہ ہر شخص اس قیمتی دستاویز سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ AACP کا یہ میگزین تمام چیپٹرز کے صدر صاحبان سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

کمپیوٹر سے متعلق شوقین حضرات کے شعبہ میں ناظم اطفال مجلس اطفال الاحمدیہ مقامی ربوہ محترم حافظ راشد جاوید صاحب کی طرف سے کمپیوٹر سیکھنے کا اردو پروگرام پیش کیا گیا تھا۔ اس پرگرام کو اول قرار دیا گیا۔ اسی طرح طلبہ کے شعبہ میں محترم احمد ایاز صاحب آف لاہور نے لاہور کی ایک آئس کریم کمپنی۔ (chill-out) کا پروگرام تیار کیا تھا۔ اس کو طلبہ کے شعبہ میں اول

پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد یاسر نوید ساکن 691 کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور گواہ شد نمبر1 رانا مبارک احمد وصیت نمبر 19473 صدر حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور گواہ شد نمبر 2 عبدالعزیز منگلا 1122 راوی بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

# اطلاعات و اعلانات

## ضروری اعلان

○ جو قارئین ہاکرز کے ذریعہ الفضل حاصل کرتے ہیں ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ بل ماہ نومبر 2000ء مبلغ -/62/50 روپے بنتا ہے۔ براہ کرم جلد ادا کر کے ممنون فرمائیں۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## درخواست دعا

○ محترمہ ناصرہ عزیز صاحبہ اہلیہ مکرم عزیز الرحمٰن خالد صاحب مربی سلسلہ دارالعلوم غربی ربوہ لکھتی ہیں "میرا پوتا عزیزم وجیہ الرحمٰن ابن مکرم حفیظ الرحمٰن صاحب (شاہ تاج شوگر ملز) پندرہ یوم سے شدید انفیکشن کی وجہ سے بیمار ہے۔ اس کی والدہ بھی قریباً ایک ماہ سے سانس کی تکلیف کے باعث علیل ہیں۔ اسی طرح میری دو نواسیاں عمرانہ سلطان اور نعمانہ سلطان بھی بخار اور پیٹ کی خرابی کے باعث بیمار ہیں۔

احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب عزیزوں کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

○ محترم چوہدری عبدالحق صاحب بھٹہ آف چک نمبر 3/53 ضلع شیخوپورہ حال دارالیمن غربی ربوہ کافی عرصہ سے بیمار چلے آرہے ہیں بلڈ پریشر اور دماغی کمزوری کے عوارض میں مبتلا ہیں احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## ولادت

○ مکرم سید منور احمد صاحب کارکن وکالت تصنیف تحریک جدید ربوہ کو اللہ تعالیٰ نے 25-11-2000ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے جس کا نام حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے "مرغوب احمد" عطا فرمایا ہے۔ بچہ وقف نو میں شامل ہے۔ پیدائش کے چند روز بعد بچہ بیمار ہو گیا۔ احباب جماعت کی خدمت میں بچے کی صحت' درازی عمر اور خادم سلسلہ ہونے کے لئے درخواست دعا ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

## سانحہ ارتحال

○ مکرم حافظ عبدالحلیم صاحب مربی سلسلہ لکھتے ہیں۔ سینئر (ر) ہیڈ ماسٹر مکرم محمد ابراہیم صاحب حنیف (ایم۔اے' ایم۔ایڈ) دارالعلوم غربی حلقہ خلیل ربوہ مورخہ یکم دسمبر 2000ء بمطابق 4 رمضان المبارک بروز جمعۃ المبارک افطاری کے بعد قریباً ساڑھے چھ بجے دل کا دورہ پڑنے سے ہسپتال لے جاتے ہوئے خالق حقیقی سے جا ملے۔ مرحوم موصی تھے۔ وفات کے وقت آپ کی عمر 70 سال تھی۔ اگلے روز بعد از نماز عشاء بیت المبارک میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب نے نماز جنازہ پڑھائی۔

بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم مولانا عطاء اللہ کلیم صاحب نے دعا کروائی۔ مرحوم کو گورنمنٹ تعلیم الاسلام ہائی سکول ربوہ میں بھی بطور استاد خدمت کی توفیق ملی۔ آپ مخلص داعی الی اللہ تھے پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ تین بیٹے اور تین بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔

بڑے بیٹے مکرم محمد اسحاق صاحب سابق صدر مجلس خدام الاحمدیہ ہالینڈ ہیں درمیانے مکرم ماسٹر ادریس احمد صاحب بشیر اور سب سے چھوٹے بیٹے مکرم محمد شعیب طاہر صاحب مربی سلسلہ ہیں۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور جملہ لواحقین کو صبر جمیل سے نوازے۔

○ مکرم عبدالکریم قدسی صاحب رچنا ٹاؤن شاہدرہ لاہور کے بڑے بہنوئی مکرم خوشی محمد صاحب ابن مکرم جلال دین صاحب مالو کے ضلع سیالکوٹ حال کرم دین پارک ملتان روڈ لاہور مورخہ 6۔ نومبر 2000ء کو وفات پا گئے۔ ان کی عمر 75 سال تھی۔ نماز جنازہ مکرم اقبال احمد نجم صاحب مربی سلسلہ نے سبزہ زار پارک لاہور میں پڑھائی جس میں کثیر تعداد میں احمدی و غیر از جماعت احباب نے شرکت کی۔ تدفین ہانڈو گجر لاہور میں ہوئی اور قبر کی تیاری کے بعد مکرم رحمت علی صاحب نے دعا کروائی۔

مرحوم نے اپنے پیچھے 6 بیٹیاں اور 3 بیٹے سوگوار چھوڑے ہیں۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

# ملکی خبریں

قومی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ: 5 دسمبر۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں کم سے کم درجہ حرارت 9 درجے سنٹی گریڈ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21 درجے سنٹی گریڈ
بدھ 6 دسمبر غروب آفتاب۔ 5-06
جمعرات 7 دسمبر طلوع فجر۔ 5-26
جمعرات 7 دسمبر۔ طلوع آفتاب 6-52

## پنجاب میں وکلاء کی ہڑتال

جمہوریت اور آئین کی بحالی اور قانون کی حکمرانی کے لئے پنجاب بار کونسل کی کال پر (جس کی توثیق پاکستان بار کونسل نے بھی کر دی) پنجاب میں وکلاء برادری نے ہڑتال کی اور تمام چھوٹے بڑے شہروں اور قصبوں میں عدالتی کام کافی حد تک متاثر ہوا۔ تاہم لاہور ہائی کورٹ میں ہڑتال کی یہ کال زیادہ موثر ثابت نہیں ہوئی اور سینئر وکلاء سمیت اکثریت اپنے مقدمات کی پیروی کے لئے عدالتوں میں پیش ہوتی رہی۔ پنجاب بار کونسل کی اس ہڑتال کی نئے اپوزیشن اتحاد اے آر ڈی نے بھی حمایت کی تھی جبکہ پاکستان بار کونسل' لاہور ہائی کورٹ بار اور لاہور بار ایسوسی ایشن کی جانب سے بھی اس ہڑتال کی حمایت کا اعلان کیا گیا تھا۔ تاہم اس ہڑتال کا فیصلہ کرنے والے بعض وکلاء بھی عدالتوں میں پیش ہوتے رہے۔

## فوری الیکشن کا ٹائم فریم دیں

18 جماعتی بحالی جمہوریت الائنس (اے آر ڈی) کے سربراہ نوابزادہ نصراللہ خان نے فوجی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر انتخابات کا ٹائم فریم دیا جائے۔ انتخابات سے قبل قومی اتفاق رائے سے عبوری حکومت تشکیل دی جائے۔ آزادانہ اور شفاف انتخابات کے لئے خود مختار الیکشن کمیشن قائم کیا جائے جو مالیاتی امور میں بھی آزاد ہو۔ انہوں نے قومی احتساب بیورو پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مزید مطالبہ کیا ہے کہ عدلیہ کے ریٹائرڈ ججز پر مشتمل احتساب کمیشن قائم کیا جائے جس پر پوری قوم کو اعتماد ہے۔

## ڈیم بنائیں یا پانی کی قلت کے لئے تیار رہیں

تربیلا اور منگلا ڈیم میں اخراج کے مقابلے میں پانی کی آمد میں قابل ذکر حد تک کمی ہو گئی ہے۔ اور یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔ واپڈا کے ذرائع نے اے پی پی کو بتایا کہ تربیلا میں 17 ہزار اور منگلا میں 5 ہزار کیوسک پانی آیا۔ تربیلا سے پانی کا اخراج 35 ہزار اور منگلا سے 23 ہزار کیوسک تھا۔ ان اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ ان آبی ذخائر میں پانی کی آمد میں کافی حد تک کمی ہوئی ہے پانی کے ذخیرہ کی یہ صورتحال قوم کے لئے نیک شگون نہیں۔ پانی کی بڑھتی ہوئی ضرورتوں کا واحد حل یہ ہے کہ جتنی جلد ممکن ہو چھوٹے اور بڑے ڈیم بنائے جائیں یا پھر پانی کی شدید قلت کے لئے تیار ہو جائیں۔

## 60 فیصد شناختی کارڈ کا ریکارڈ درست نہیں

قومی شناختی کارڈ بنانے والے ادارے نادرا نے 15 دسمبر سے لاہور ڈویژن میں گھر گھر جا کر قومی شناختی کارڈ بنانے کا اعلان کیا ہے۔ اس سلسلے میں لاہور' شیخوپورہ' اوکاڑہ اور قصور کے ڈپٹی کمشنرز' ڈسٹرکٹ رجسٹریشن افسروں محکمہ ڈاک اور محکمہ تعلیم کے افسران کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔ نادرا کی موبائیل ٹیمیں دیہات میں جا کر نمبرداروں کی مدد سے دیہاتوں کو فارم تقسیم کریں گی۔ جبکہ لاہور میں مختلف مقامات پر سنٹرز قائم کئے جائیں گے۔ جہاں سے شہری با آسانی فارم حاصل کر سکتے ہیں۔ اور لاہور کے باسی مقامی ڈی ایس پی یا اے سی سے ان فارموں کی تصدیق کروائیں گے جبکہ دیہاتوں میں فارموں کی تصدیق مقامی نمبردار کرے گا یہ باتیں نادرا پنجاب کے سربراہ نے ایک بریفنگ میں کہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی شناختی کارڈ ایک اہم دستاویز ہے مگر بدقسمتی سے ہمارے ملک میں عوام کو اس کے بارے میں شعور نہیں اور اس وقت کل شناختی کارڈوں کے 60 فیصد کا ریکارڈ درست نہیں۔

## جلسے جلوسوں پر پابندی توڑنے کی دھمکی

اے آر ڈی کے سربراہ نوابزادہ نصراللہ خان نے کہا ہے کہ موجودہ غیر جمہوری حکومت فوری طور پر سیاسی جلسوں اور پرامن ریلیوں سے پابندی اٹھالے اور سیاسی جماعتوں کو عوام تک رسائی اور مسائل کے حل کے لئے ان کی مایوسی کو ختم کرنے کا موقع دے۔ یہ تمام پابندیاں ختم کی جائیں ورنہ اس ناجائز پابندی کو ماننے کے پابند نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ رائے عامہ منظم کر کے حکومت سے مطالبات منوائیں گے فوجی حکومت زندگی کے ہر شعبے میں ناکام رہی ہے۔

## فوج کو واپس جانا ہوگا

قومی اسمبلی کے سابق سپیکر اور مسلم لیگ کے مرکزی رہنما الٰہی بخش سومرو نے کہا ہے کہ کئی وجوہ کی بنا پر ملک میں مکمل طور پر سیاسی کنفیوژن موجود ہے ملک کے حالات بھی اسی کی وجہ سے دباؤ میں ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ملکی سیاسی' سماجی' اور اقتصادی حالات بہتر بنانے کے لئے عملی طور پر اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا الیکشن سیاسی ماحول میں کرائے جائیں' فوج کو جانا ہوگا۔ ایک وقت مسلم لیگ میں دوسری جماعتیں شامل ہوا کرتی تھیں۔ یہ صورتحال اس لئے پیدا ہوئی کہ اب پارٹی قائد کا پتہ نہیں ہے۔

باقی صفحہ 8 پر

# عالمی خبریں

عالمی ذرائع ابلاغ سے

## جنگ بندی میں توسیع بھی ہو سکتی ہے

بھارتی وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی نے کہا ہے کہ اگر پاکستان نے سازگار ماحول قائم کر دیا تو مقبوضہ کشمیر میں ماہ رمضان کے دوران کی جانے والی یکطرفہ جنگ بندی میں توسیع بھی ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ توسیع کا انحصار زمینی حقائق پر بھی ہے پاکستان کو سرحد پار دہشت گردی' تشدد بند کر کے دوستانہ ماحول پیدا کرنا چاہئے۔

## بنگلہ دیش اور بھوٹان کی سرحد پر کرفیو

بھارت نے آسام کے علیحدگی پسند گوریلوں پر قابو پانے کے لئے بنگلہ دیش اور بھوٹان کی سرحد پر رات کا کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔ آسام پولیس کے سربراہ سری واستو کے مطابق اس سے علیحدگی پسندوں کے راستوں کو بند کر کے انہیں روکنے میں مدد ملے گی۔ کرفیو کے حکم پر عملدرآمد جلد شروع ہو جائے گا۔ بھارت نے یہ اقدام پانچ ہفتوں میں علیحدگی پسندوں کے ہاتھوں 75۔ افراد کی ہلاکت کے بعد کیا ہے۔

## مجاہدین کا حملہ۔17 ہلاک

کشمیری مجاہدین نے بھارتی جنگ بندی کے ساتویں دن بارودی سرنگ سے بھارتی فوج کا ٹرک اڑا دیا۔ جس سے دو فوجی ہلاک اور 10 زخمی ہو گئے۔ اسی طرح خانپورہ قصبے کے قریب فوجی کارواں کو بھی ہدف بنایا گیا۔ بارودی سرنگ سے کارواں میں شامل ٹرک تباہ ہو گیا جس سے دو فوجی ہلاک اور 12 زخمی ہو گئے۔ ایک فوجی چوکی پر چار راکٹوں سے دو بیرکیں تباہ اور کئی فوجی جھڑپوں میں ہلاک ہو گئے۔

## علیحدگی پسندوں کا حملہ۔6 ہلاک

علیحدگی پسند مسلمانوں نے فلپائن کے فوجی قافلے پر حملے میں 6 فوجی ہلاک اور 26 شدید زخمی ہو گئے ایک فوجی ترجمان کے مطابق مورو لبریشن فرنٹ کے حریت پسندوں نے فوجی قافلے پر حملہ ایک قصبہ کے قریب کیا۔

## مسلمانوں کو نماز پڑھنے کی اجازت

بھارتی انتہا پسند ہندو تنظیم شیو سینا کے سربراہ بال ٹھاکرے نے مقبوضہ کشمیر میں اعلان جنگ بندی کے واجپائی حکومت کے اقدام پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے سے بھارتی سلامتی پر منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ بال ٹھاکرے نے تاج محل کے قریب مسجد میں مسلمانوں کو نماز کی ادائیگی کی اجازت دینے کے فیصلے کی بھی شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی حکومت نے مسلمانوں کو خوش کرنے کی مبینہ پالیسیوں میں سابقہ کانگرس حکومتوں کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے اور وہ اس ضمن میں کوئی بھی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتی۔ اور بھارتی حکومت کا تاج محل کے قریب مسجد میں نماز کی ادائیگی کے لئے خصوصی انتظامات کرنے کا فیصلہ بھی قابل مذمت ہے۔

## اسرائیلی ہیلی کاپٹروں کی فلسطینی کیمپ پر بمباری

اسرائیلی گن شپ ہیلی کاپٹروں نے بیت اللحم کے قریب ایک فلسطینی پناہ گزین کیمپ پر بمباری کی جس سے دو گھر تباہ ہو گئے۔ اسرائیل کے فوجی ذرائع کے مطابق فلسطینی مظاہرین نے ایک یہودی مقبرہ پر تعینات مسلح گارڈز پر فائرنگ کی تھی۔ وہ اس یہودی مقبرے کو تباہ کرنا چاہتے تھے۔ جس پر اسرائیل کو یہ اقدام کرنا پڑا۔ اس علاقے میں اسرائیلی فوجیوں اور مسلح فلسطینیوں کے درمیان تین گھنٹے لڑائی جاری رہی۔

## کنٹرول لائن پر حملہ نہیں کریں گے

بھارت نے اعلان کیا ہے کہ اس کی مسلح افواج کنٹرول لائن پر پاکستان کے خلاف کوئی حملہ نہیں کریں گی۔ وزارت دفاع نے ترجمان پی بھٹناگر نے اے ایف پی کو بتایا کہ ہماری افواج تحمل کا مظاہرہ کریں گی۔ تاہم اگر ان پر حملہ ہوا تو وہ اس صورت میں جواب ضرور دیں گے انہوں نے کہا گزشتہ چند روز سے کنٹرول لائن پر صورتحال پر سکون ہے۔ لیکن اگلے دو تین دن ہم حالات پر نظر رکھیں گے۔

## الگور شکست تسلیم کر لیں ورنہ....

امریکی ریاست فلوریڈا کی ایک عدالت میں صدارتی انتخابات کے دونوں بڑے امیدواروں جارج ڈبلیو بش اور الگور کے وکلاء میں ریاست کے متنازع ووٹوں کے بارے میں دلائل جاری ہیں۔ ڈیموکریٹک امیدوار کے وکلاء نے جج سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فلوریڈا کی وہ کاؤنٹیز پام بیچ اور میامی ڈیٹ میں ووٹوں کی ہاتھ سے دوبارہ گنتی کا حکم دیں۔

## جھڑپوں میں 18 روسی فوجی ہلاک

چیچن جانبازوں کے ساتھ جھڑپوں میں کم از کم 18 روسی فوجی ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ ہلاک ہونے والے روسی فوجی جانبازوں کی طرف سے مختلف حملوں میں مارے گئے۔ قبل ازیں روسی فوج نے جانبازوں کی طرف سے متوقع حملوں سے نمٹنے کے لئے سخت حفاظتی انتظامات کئے ہوئے تھے۔

## عراق تیل برآمد کرتا رہے گا

عراق کے وزیر تیل امیر محمد رشید نے کہا ہے کہ حکومت خام تیل کی برآمد کو روکنے کا ارادہ نہیں رکھتی۔ وائس آف امریکہ کے مطابق انہوں نے کہا کہ عراق کا مقصد ہمیشہ بین الاقوامی تیل کی منڈی میں استحکام پیدا کرنا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ جمعہ کو تیل کی برآمد اس لئے معطل کر دی تھی کہ اقوام متحدہ کے عہدیدار نئی قیمتوں کے فارمولے پر رضامند نہیں ہوئے تھے۔

بقیہ صفحہ ٦

## پانی کا کوٹہ مزید کم

ڈیموں میں پانی مسلسل کم ہونے کی وجہ سے صوبوں کو ملنے والے پانی کے کوٹے میں مزید 4 فیصد کمی ہو گئی ہے جس کے باعث صوبوں کو دیئے جانے والے پانی میں مجموعی طور پر 41 فیصد کمی ہو گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ڈیموں سے پانی کا اخراج مسلسل ہو رہا ہے جس سے ڈیم کی سطح کم ہو رہی ہے۔ اب صوبوں کو ملنے والے پانی میں خود بخود کمی ہوتی جائے گی۔

## نجکاری کا عمل تیز کیا جائے

چیف ایگزیکٹو نے نجکاری کو قرضوں کو ادائیگی اور غربت میں کمی کے لئے انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نے قومی مفادات پر سمجھوتے کئے بغیر پرائیویٹائزیشن کا عمل آگے بڑھانے کا عزم کر رکھا ہے۔


اکسیر بلڈ پریشر
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ
گولبازار ربوہ۔ فون 211434-212434

پلاٹ برائے فروخت
(1) پلاٹ نمبر 666 برقبہ 250 مربع گز فیز II بحریہ ٹاؤن اسلام آباد نزد ائیر پورٹ (ملکیتی طاہر احمد ظفر)
(2) احمد نگر متصل چناب نگر (ربوہ) میں تین مکان متصل جو احمد نگر کے مرکزی مقام پر واقع ہیں جہاں شہری دیہاتی سہولتیں میسر ہیں۔ برائے فروخت ہیں۔ رابطہ
طاہر احمد ظفر بذریعہ ناصر احمد ظفر بلوچ
چناب نگر (ربوہ) تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ
فون نمبر 212218-212725-211453

اوقات کار کیوریٹو کلینک و سیل پوائنٹ
رمضان المبارک میں کیوریٹو کلینک اور کیوریٹو سیل پوائنٹ
صبح 30-8 تا 30-3 بجے سہ پہر کھلے رہیں گے۔ (ناغہ بروز جمعتہ المبارک)
کیوریٹو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی گول بازار ربوہ

الفضل خود خرید کر پڑھنے کی عادت ڈالیں

ہر قسم کی بیماریوں کے علاج کیلئے
پروفیسر سعید اللہ خان ایم اے' ہومیو ڈاکٹر
38/1 محلہ دارالفضل ربوہ فون 213207

ریڈی میڈ ملبوسات
ہر قسم کے بچگانہ۔ زنانہ اور مردانہ۔
نیز سکول یونیفارم کے لئے
شہزاد گارمنٹس
محسن بازار۔ اقصیٰ روڈ ربوہ۔ فون 212039

ھی اینڈ شی گارمنٹس (ربوہ) گولبازار میں
ماڈل 2001ء کے مطابق
لیڈیز برقعوں اور لیڈیز کوٹوں کے بعد دلہا اور دلہن کے لئے ملبوسات عروسی کی سلائی' ملبوسات عروسی پر ہر طرح کی کڑھائی اور ثقافتی کام اور دلہا کے لئے کوٹ پتلون' ڈبل برسٹیڈ' تھری پیس سوٹ' پرنس سوٹ۔ اور راجستھانی سوٹ کڑھائی والے کی ماڈل 2001ء کے مطابق سلائی شروع ہے۔ نیز دلہا کے لئے اعلیٰ کوالٹی کے کوٹ پتلون کے لئے سوٹوں کے لئے لارنس پور اور معیاری یورپی کپڑے بھی دستیاب ہیں۔ نیز گیارہ بجے سے ایک بجے تک دلہا کے سوٹوں کے لئے بذریعہ ٹیلی فون مشورہ بھی کر سکتے ہیں
پروپرائیٹر: ایم اشرف ٹیلرز
ھی اینڈ شی گارمنٹس
گول بازار ربوہ پاکستان فون دوکان 211365


CPL No. 61